06-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	اصول تفسیر	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	ترجمۃ و تفسیر کورس (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "الفوز الکبیر" کے مصنف ہیں:

(الف) حضرت شاہ ولی اللہ (ب) جلال الدین سیوطی (ج) عبد العلوی مالکی (د) علامہ قسطلانی

2۔ قرآن کے معانی اتنے علوم سے باہر نہیں:

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

3۔ متکلمین کے ذمہ ہے:

(الف) علم الاحکام (ب) علم التذکیر بآلاء اللہ (ج) علم الجدل (د) تینوں

4۔ علم الاحکام کی تفصیل کے ذمہ میں ہے:

(الف) فقہاء (ب) متکلمین (ج) واعظین (د) حکمران

5۔ واعظین کے ذمہ اس علم کو بیان کرنا ہے:

(الف) علم التذکیر بآلاء اللہ (ب) علم التذکیر بایام اللہ (ج) علم التذکیر بالموت ومابعدہ (د) تینوں

6۔ قرآن مجید میں اتنے گمراہ فرقوں سے مجادلہ کیا گیا ہے:

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

7۔ ملت ابراہیمی کے شعائر میں سے ہے:

(الف) حج (ب) غسل جنابت مسجد حرام کی تعظیم (د) تینوں

8۔ "تحریف" کی اقسام ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

9۔ علماء سوء کو شاہ صاحب نے نمونہ قرار دیا ہے:

(الف) مشرکین کا (ب) یہود کا (ج) نصاری کا (د) تینوں کا

10۔ منافقین کی اقسام ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

ورق الٹئے

11۔"مناھج العرفان" اس فن کی کتاب ہے:

(الف) تفسیر (ب) اصول تفسیر (ج) علم الکلام (د) فقہ

12۔لفظ "قرآن" کا مادہ ہے:

(الف) قرء (ب) قرن (ج) قرات (د) تینوں

13۔علامہ ابو المعانی کے مطابق قرآن مجید میں قرآن پاک کے اتنے اسماء مذکور ہیں:

(الف) 49 (ب) 51 (ج) 53 (د) 55

14۔لفظ "قرآن" قرآن مجید میں اتنی بار آیا ہے:

(الف) 70 (ب) 72 (ج) 74 (د) 76

15۔بائبل کے کل حصے ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

16۔"لفظ قرآن مجید جامد ہے" یہ موقف ہے:

(الف) امام شافعی کا (ب) امام جلال الدین سیوطی کا (ج) دونوں کا (د) امام مالک کا

17۔لفظ "یابس" کا معنی ہے:

(الف) خشک (ب) تر (ج) نرم (د) سخت

18۔"كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَّسْبَحُونَ" سے اجرام فلکی کی دوہری گردش ثابت کی:

(الف) امام رازی نے (ب) امام غزالی نے (ج) امام سیوطی نے (د) ثوری نے

19۔قرآن کریم میں آیات ام اتنی ہیں:

(الف) 1000 (ب) 1100 (ج) 1200 (د) 1300

20۔لفظ "قرآن" کا معنی ہے:

(الف) ملانا (ب) پڑھنا (ج) لکھنا (د) تینوں

06-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	اصول تفسیر	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	ترجمۃ و تفسیر کورس (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): --

حصہ انشائیہ

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ تفسیر کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں۔

2۔ شاہ ولی اللہ کا مختصر اً تعارف تحریر کریں۔

3۔ علوم خمسہ سے کیا مراد ہے؟ صرف نام لکھیں۔

4۔ علم الجدل سے کیا مراد ہے؟ اس کی تفصیل کس کے ذمہ ہے؟ تحریر کریں۔

5۔ گمراہ فرقوں کے ساتھ قرآن مجید میں مخاصمہ کی کتنی صورتیں ہیں؟ تحریر کریں۔

6۔ ملت ابراہیمی کے شعائر میں سے پانچ تحریر کریں۔

7۔ تشبیہ باری تعالیٰ سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔

8۔ حضرت شاہ ولی اللہ نے مشرکین کا نمونہ کس کو قرار دیا ہے؟ وضاحت کریں۔

9۔ مشرکین کی تحریف کا رد کیسے کیا جائے گا؟ الفوز الکبیر کی روشنی میں تحریر کریں۔

10۔ تحریف لفظی اور معنوی میں کیا فرق ہے؟ وضاحت کریں۔

11۔ اقانیم ثلاثہ سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

12۔ عقیدہ مصلوبیت مسیح علیہ السلام کا رد قرآنی آیت کی روشنی میں تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "مناہج العرفان" کتاب کا پورا نام ہے مع مصنف کا نام تحریر کریں۔

2۔ جامعیت قرآن سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال بھی دیں۔

3۔ قرآن کا لغوی اور شرعی معنی تحریر کریں۔

4۔ سائنس اور قرآن کا کیا تعلق ہے؟ مختصر اً تحریر کریں۔

5۔ قرآن اور ہدایت میں باہمی اتصال ہے مختصر اً تحریر کریں۔

6۔ قرآن مجید سے ہدایت حاصل کرنے کا حتمی طریقہ کیا ہے؟ تحریر کریں۔

7۔ قرآن مجید کی فصاحت و بلاغت پر دو لائنیں تحریر کریں۔

8۔ قرآن مجید میں صوتی ترنم موجود ہے کوئی ایک مثال لکھیں۔

9۔ قرآنی پیشین گوئیوں میں سے دو کے صرف نام لکھیں۔

10۔ حفاظت و کاملیت قرآن سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔

11۔ لفظ قرآن کے کوئی سے تین مادے تحریر کریں۔

12۔ قرآن مجید کے کوئی پانچ اسماء تحریر کریں جو قرآن مجید میں مذکور ہیں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. علوم خمسہ سے کیا مراد ہے؟ کسی تین کی وضاحت "الفوز الکبیر" کی روشنی میں تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. ملت ابراہیمی کے شرائع اور عقائد تحریر کریں۔ نیز علوم خمسہ کے بیان میں قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے کیا اسلوب اختیاز فرمایا ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. قرآن مجید میں قصص کے بیان کی غرض تحریر کریں۔ نیز قصص متکررہ اور قصص غیر متکررہ میں سے تین تین مختصر اً تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. جامعیت قرآن کو عملی شہادتوں کے ذریعے تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. قرآنی صداقت کے داخلی قرائن تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. ہدایت کے مدارج و مراتب تفصیلاً تحریر کریں۔